نیوز ریلیز

# البرٹا گرمیوں کے منصوبے کیلئے کُھلا ہوا ہے

26 مئی، 2021ء

---

البرٹا کی حکومت تین مراحل میں صوبے بھر میں صحت کے اقدامات کو ختم کرے گی کیونکہ ویکسین کے اہداف پورے ہو رہے ہیں اور ہسپتال میں داخلوں میں کمی آ گئی ہے۔

البرٹا گرمیوں کے منصوبے کیلئے کھلا ہے جو صحت سے متعلقہ پابندیوں کو ختم کرنے اور بحفاظت معمول پر آنے کیلئے تین مراحل کا روڈ میپ فراہم کرتا ہے۔

یہ منصوبہ البرٹنز کو بغیر پابندیوں کے موسم گرما کی ایک واضح تصویر فراہم کرتا ہے جب تک کہ البرٹنز مختصر مدت کیلئے صحت عامہ کے اقدامات پر عمل پیرا ہوتے رہیں اور حفاظتی ٹیکے لگنے کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہوتا رہے۔

البرٹا گرمیوں کے منصوبے کیلئے کھلا ہے اس میں ویکسینیشن کی مطلوبہ تعداد اور ہسپتالوں میں داخلوں کی بنیاد پر تین مراحل شامل ہیں:

- مرحلہ 1: 12 سال اور اس سے زائد عمر کے 50 فیصد البرٹنز کے کم از کم ایک حفاظتی ٹیکہ لگوانے کے دو ہفتوں کے بعد اور کووِڈ-19 کی وجہ سے ہسپتالوں میں داخلے 800 سے کم اور مزید کم ہوتے ہوئے۔
- مرحلہ 2: 12 سال اور اس سے زائد عمر کے 60 فیصد البرٹنز کے کم از کم ایک حفاظتی ٹیکہ لگوانے کے دو ہفتوں کے بعد اور کووِڈ-19 کی وجہ سے ہسپتالوں میں داخلے 500 سے کم اور مزید کم ہوتے ہوئے۔
- مرحلہ 3: 12 سال اور اس سے زائد عمر کے 70 فیصد البرٹنز کے کم از کم ایک حفاظتی ٹیکہ لگوانے کے دو ہفتوں کے بعد۔

چونکہ 18 مئی کو البرٹا ایک خوراک کی ویکسینیشن کیلئے 50 فیصد کی مطلوبہ تعداد تک پہنچ گیا تھا، اور ہسپتالوں میں داخلے 800 سے کافی کم ہونے کی وجہ سے، البرٹا 1 جون کو مرحلہ 1 میں داخل ہوگا۔ حفاظتی ٹیکوں کی موجودہ رفتار کی بنیاد پر، البرٹا کے وسط جون میں مرحلہ 2 اور جون کے آخر یا جولائی کے شروع میں مرحلہ 3 میں داخل ہونے کا امکان ہے۔ یہ صرف تخمینے ہیں اور تمام البرٹنز پر انحصار کرتے ہیں کہ وہ حفاظتی ٹیکوں کی تعداد میں اضافہ کرتے ہوئے ہمارے ہسپتالوں میں داخلوں کو کم کریں۔

**مرحلہ 1: 12 سال اور اس سے زائد عمر کے 50 فیصد البرٹنز کے کم از کم ایک حفاظتی ٹیکہ لگوانے کے دو ہفتوں کے بعد اور کووِڈ-19 کی وجہ سے ہسپتالوں میں داخلے 800 سے کم اور مزید کم ہوتے ہوئے۔**

28 مئی سے:

- عبادت کی خدمات کیلئے گنجائش کی حد فائر کوڈ آکیوپینسی کا 15 فیصد تک بڑھ گئی ہے۔

1 جون سے:

- بیرونی سماجی اجتماعات، دُوری کے ساتھ، 10 افراد تک بڑھتے ہیں۔
  - اندرونی سماجی اجتماعات کی اب بھی اجازت نہیں ہے۔
- بیرونی صحن میں کھانا کھانا زیادہ سے زیادہ چار لوگ فی میز کے ساتھ دوبارہ شروع ہو سکتا ہے۔
  - دسترخوان پر موجود ہر شخص کا ایک ہی گھر کا فرد ہونا لازم ہے یا تنہا رہنے والے فرد کیلئے، کھانے کے فریق صرف دو قریبی رابطوں تک محدود ہیں۔
  - جسمانی فاصلہ اور دیگر پابندیاں اب بھی لاگو ہیں۔

- بیرونی جسمانی، کارکردگی اور تفریحی سرگرمیوں کی تمام عمر کے لوگوں کیلئے جسمانی فاصلے کے ساتھ 10 افراد تک اجازت ہے۔
- خوردہ فروشی فائرکوڈ آکیوپینسی کا 15 فیصد تک بڑھ سکتی ہے (جسمانی فاصلہ رکھنے کی اہلیت کو برقرار رکھنا لازم ہے)۔
- ذاتی اور تندرستی کی خدمات، صرف اپوائنٹمینٹ پر ہی دوبارہ کھل سکتی ہیں۔
- شادی کی تقریبات میں 10 افراد تک شامل ہو سکتے ہیں، جن میں شادی کا فریضہ انجام دلوانے والا، دلہا/ دلہن، گواہان اور کوئی بھی فوٹوگرافرز/ ویڈیوگرافرز شامل ہیں۔ استقبال ممنوع ہے۔
- تجہیز و تکفین میں 20 لوگ تک موجود سکتے ہیں، جس میں سہولت کار عملہ، جنازے کے پادری یا منتظمین کو مہمان نہیں سمجھا جاتا۔ استقبال ممنوع ہے۔
- جسمانی فاصلے اور ماسک پہننے کی ضروریات لاگو رہتی ہیں۔

**مرحلہ 2: 12 سال اور اس سے زائد عمر کے 60 فیصد البرٹنز کے کم ازکم ایک حفاظتی ٹیکہ لگوانے کے دو ہفتوں کے بعد اور ہسپتالوں میں داخلے 500 سے کم اور مزید کم ہوتے ہوئے۔**

- جسمانی فاصلے کے ساتھ، بیرونی معاشرتی اجتماعات 20 افراد تک بڑھتے ہیں۔
- شادیوں کی تقاریب 20 شرکاء تک ہو سکتی ہیں۔ استقبال کی اجازت صرف باہر ہی ہے۔
- تجہیز و تکفین کی تقریبات بدستور 20 افراد تک کی اجازت کے ساتھ بدستور بلا تبدیلی رہتی ہیں، جس میں سہولت کار عملہ، جنازے کے پادری یا منتظمین کو مہمان نہیں سمجھا جاتا ہے۔ استقبال کی اجازت صرف باہر ہی ہے۔
- ریستورانوں میں میزوں پر چھ افراد تک بیٹھ سکتے ہیں، اندر یا باہر۔
    - کھانے کی پارٹیاں اب صرف گھر والوں تک ہی محدود نہیں ہیں۔
    - جسمانی فاصلہ اور دیگر پابندیاں اب بھی لاگو ہیں۔
- خوردہ فروشی کی گنجائش فائرکوڈ آکیوپینسی کا ایک تہائی تک بڑھ جاتی ہے (جسمانی فاصلہ رکھنے کی اہلیت کو برقرار رکھنا لازم ہے)۔
- عبادت گاہوں کی گنجائش فائرکوڈ آکیوپینسی کا ایک تہائی تک بڑھ جاتی ہے
- جمز اور دیگر انڈور فٹنس شرکاء کے درمیان تین میٹر کے جسمانی فاصلے کے ساتھ سولو اور ڈراپ ان سرگرمیوں کیلئے کھلتے ہیں اور فٹنس کلاسیں تین میٹر کے جسمانی فاصلے کے ساتھ دوبارہ شروع ہو سکتی ہیں۔
- انڈور ترتیبات فائرکوڈ آکیوپینسی کا ایک تہائی حصے تک کے ساتھ کھل سکتی ہیں، جس میں انڈور تفریحی مراکز شامل ہیں۔ اس میں اکھاڑے، سنیما گھر، تھیٹرز، عجائب گھر، آرٹ گیلریاں اور لائیبریریاں شامل ہیں۔
- انڈور اور آؤٹ ڈور نوجوان اور بالغوں کے کھیل بغیر کسی پابندی کے دوبارہ شروع ہوتے ہیں۔
- نوجوانوں کی سرگرمیاں، جیسے کہ ڈے کیمپس اور کھیل کے مراکز، پابندیوں کے ساتھ دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں۔
- ذاتی اور تندرستی کی خدمات واک ان خدمات کے ساتھ دوبارہ شروع ہو سکتی ہیں۔
- پوسٹ سیکنڈری ادارے ذاتی طور پر سیکھنے کو دوبارہ شروع کر سکتے ہیں۔
- گھر سے کام کرنے کا حکم اٹھا لیا جاتا ہے لیکن پھر بھی اس کی سفارش کی جاتی ہے۔
- آؤٹ ڈور مقررہ سیٹوں کی سہولیات (جیسے، گرینڈ اسٹینڈ) بیٹھنے کی ایک تہائی گنجائش کے ساتھ کھل سکتی ہیں۔
- بیرونی عوامی اجتماعات میں 150 افراد تک اضافہ ہوتا ہے (جیسے کہ کنسرٹس/ تہوار)، پابندیوں کے ساتھ۔
- جسمانی فاصلے اور ماسک پہننے کی ضروریات لاگو رہتی ہیں۔

**مرحلہ 3: 12 سال اور اس سے زائد عمر کے 70 فیصد البرٹنز کے کم ازکم ایک حفاظتی ٹیکہ لگوانے کے دو ہفتوں کے بعد۔**

- تمام پابندیاں اٹھائی جاتی ہیں، بمع انڈور سماجی اجتماعات۔
- کووِڈ-19 کے تصدیق شدہ کیسوں کیلئے الگ تھلگ رہنے کی ضروریات اور نگہداشت کی ترتیبات میں کچھ حفاظتی اقدامات جاری رہتے ہیں۔

جاری رہنے والی تمام پابندیوں اور اقدامات کے بارے میں اضافی تفصیلات ہر مرحلہ سے پہلے جاری کی جائیں گی۔ البرٹنز صوبے کی امیونائزیشن کے عمل کی پراگرس alberta.ca پر دیکھ سکتے ہیں۔

دوبارہ کھلنے کے دوران صوبائی کووِڈ-19 کی منتقلی کی نگرانی جاری رکھی جائے گی۔ اگر ضرورت پڑی، تو علاقائی یا صوبائی سطح پر کووِڈ-19 کی منتقلی کے رحجانات کا جواب دینے کیلئے دوبارہ کھولنے والے کسی قدم کو روکا جا سکتا ہے۔ استحکام سے دوبارہ کھولنے کا انحصار موسم گرما کے مہینوں کے دوران البرٹنز کے دو مکمل حفاظتی ٹیکوں کی خوراکیں لگوانے پر ہو گا تاکہ مستقبل میں کووِڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکا جائے۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے کیلئے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کے صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کیلئے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور ذرائع معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

## فوری حقائق

- البرٹا میں اب ویکسین کی 2.55 ملین سے زائد خوراکیں لگائی جا چکی ہیں۔

## متعلقہ معلومات

- البرٹا سمر پلان کیلئے کھلا ہوا ہے

## ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

## میڈیا انکوائریز

جیریکا گڈوِن(Jerrica Goodwin)
587-988-3278
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

ٹام میکملن (Tom McMillan)
780-422-4905
اسسٹینٹ ڈائریکٹر آف کمیونیکیشنز، ہیلتھ

*مزید ترجمہ شدہ حکومتی وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں:* *https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx*